04/06/2026

03:50 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبرنامہ لےکر میں بصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........سرکار نے فوج کی آپریشنل کار کردگی کی مضبوطی کیلئے فیلڈ کمانڈروں کے مالی اختیارات کی حد میں دو گنااضافہ کرنے کی دی منظوری ۔

*........سرینگر میں بین عقیدتی کانفرنس کا انعقاد// سبھی عقیدوں کا احترام بھارت کی صدیوں پُرانی روایت//لیفٹننٹ گورنر ۔

*........جموں کشمیر میں جاری ہاؤسنگ پروجیکٹوں کو کام کے معیار کے ساتھ بر وقت مکمل کرنے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت ۔

اور

*........ سرینگر میں ایک ڈرگ سمگلر کی2کروڑ روپے مالیت کی جائیداد منہدم// رفیع آباد میں بھی 22لاکھ روپے کا اثاثہ قرق۔

فوج

سرکار نے فوج کی آپریشنل کار کردگی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے فیلڈ کمانڈروں کے مالی اختیارات کی حد میں دوگنا اضافہ کرنے کی منظوری دی ہے ۔

وزیر ددفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں اس سلسلے میننظر ثانی شدہ تفویض جاری کی ، جس میں طبی سہولیات اور تعمیراتی منصوبے شامل ہیں۔

وزیر دفاع کے مطابق مالی اختیارات کی نظر ثانی شدہ تفویض کے تحت رواں مالی سال کے بجٹ کے مطابق ایک لاکھ 25ہزار کروڑ روپے سے زائد کی خریداری ، ریونیو روٹ کے ذریعے ممکن ہو سکے گی۔

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سبھی عقیدوں کا احترام بھارت کی صدیوں پُرانی روایت رہی ہے۔——————————————————— Rishiwar ” سرینگر میںSKICC

کے نام سے منعقدہ بین عقیدتی کانفرنس سے خطا ب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ عصر "© حاضر میں جب بہت سی اقوام کو بقائے باہم کی مناسبت سے کئی چلینج درپیش ہیں ، وہیں کثرت میں وحدت بھارت کا خاصا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ سبھی خیالات اور عقیدوں کا احترام سناتن دھرم کی روایت رہی ہے اور بھارت میں ہمیشہ کثرت میں وحدت کا جذبہ پروان چڑھا ہے ۔

انہوننے کہا کہ جہاں کئی ممالک اور معاشروں کواتحاد قائم رکھنے کیلئے مشقت کرنی پڑ رہی ہے وہیں بھارت نے ہمیشہ سے مل کر رہنے کے اقدار کو گلے لگایا ہے ۔

درخشاں

اس کانفرنس میں دیگر شخصیات کے علاوہ جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی شرکت کی۔

میڈیا نمائندونسے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ صوفی سنتوں کی تعلیمات سے آپسی رواداری اور بھائی چارے کو فروغ ملتا ہے۔

------Darakhshan------

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج سرینگر میں مشن یوا کے تحت6مستحقین میں ایک کروڑ12لاکھ روپے رقم کی ادائیگی کے منظوری نامے تقسیم کئے۔ واضح رہے کہ اپریل اور مئی مہینوں کے دوران 3ہزار367 معاملات میں مجموعی طور209کروڑ روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں جاری ہاوسنگ پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہو ں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے ان پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

ملاقاتCM

اسی دوران وزیر اعلیٰ سے آج کئی وفود نے ملاقات کی جس دوران مکانات اور شہری بنیادی ڈھانچے نیز رابطہ کاری کے پروجیکٹوں پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔

باڈر روڈس آر گنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹنٹ جنرل ہر پال سنگھ نے بھی آج وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی اور جمونو کشمیر میں آر گنائزیشن کی وساطت سے عملائے جا رہے کئی پروجیکٹوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بھی ان کے ہمراہ تھے۔ Ghura پروجیکٹ بیکن کے چیف انجینئر برگریڈئیر چراغ

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ عام لوگوں کی راحت رسانی اور اُن کی امیدوں کو پورا کرنا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے آج سرینگر میں ایک عوامی دربار کے دوران کہی۔ اس موقعے پر انہوں نے سرینگر کے مختلف علاقوں سے آئے عوامی وفود کے ساتھ بات چیت کے دوران لوگوں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ عوامی دربار میں عید گاہ ، حضرتبل، لال چوک اور چھانہ پورہ کے ممبران اسمبلی کے علاوہ مختلف محکموں کے سربراہان اور افسران بھی موجود تھے۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران بانڈی پورہ ضلعے کے سوناواری اسمبلی حلقے میں جا ری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں موجود حلقے کے ممبر اسمبلی ہلال اکبر لون نے وزیر موصوف کو لوگوں کی ترقیاتی ضروریات سے آگاہ کر تے ہوئے مختلف پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل پر زور دیا۔ جا وید رانا نے کہا کہ سرکار جمونو کشمیر کے ہر اسمبلی حلقے کی یکساں اور متوازن ترقی کی وعدہ بند ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سائنس اینڈ ٹیکنالوجی محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے جموں کشمیر میں شمسی توانائی کو فروغ دینے کیلئے کئے جار ہے اقدامات کاجائزہ لیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک جامع نقش ِراہ تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف سیکریٹری نے پائیدار اور صاف توانائی کو فروغ دینے کیلئے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

اس دوران اٹل ڈلو نے ایک علیحدہ میٹنگ میں جمونو کشمیر میں مختلف محکموں کی طرف سے تعمیر کئے جا رہے ہوسٹلوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

نشہ مکت

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں سو روز پر مشتمل نشہ مکت ابھیان شدو مد کے ساتھ جاری ہے۔ انتظامیہ نے اس ابھیان کو اپنے منطقی انجام تک پہنچانے کا عزم کیا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔

....LG........

نوجوانوں کو اس بُری عادت سے دور رکھنے کےلئے درکار اقدامات کے بارے میں ایک طالبہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔ ilsa Khan

------ilsa Khan------

پد یاتراLG

گاندربل میں کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں منشیات مخالف پد یاترا نکالی جا رہی ہے۔

اس پد یاترا میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت متوقع ہے۔
ہمارے نمائندے صابر ایوب نے خبر دی ہے کہ ڈپٹی کمشنر جَتن کشور نے آج قمریہ اسٹیڈیم میں اس پد یاترا کےلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا۔

---Jatin Kishor---

کشمیر پولیس

منشیات فروشوں کے خلاف جا ری کارروائی کے تحت پولیس نے رعناواری سرینگر میں شیخ تصدق نامی ایک ڈرگ سمگلر کا 2کروڑ روپے مالیت کا 3منزلہ رہائشی مکان منہدم کردیا۔اس دوران بارہمولہ کے بہرام پورہ رفیع آباد میں بھی سہیل احمد زرگر نامی ایک ڈرگ سمگلر کی تقریباً ساڑھے 22 لاکھ روپے کی جائیداد قرق کی ہے ۔ پلوامہ ضلعے کے اونتی پورہ میں اسی طرح کی ایک کارروائی کے دوران نثار احمد کھانڈے نامی منشیات فروش کی کمرشل پراپرٹی کو مسمار کیا گیا۔ اننت ناگ ضلعے میں پولیس نے چھتر گُل علاقے میں محمدیوسف حجام نامی ڈرگ سمگلر کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔ ضلعے میں منشیات کے کاروبار میں ملوث آنچی ڈورہ کے رہنے والے محسن ارشاد وانٹ، کہری بل کے شکیل احمد خان اور اچھہ بل کے غلام قادر وگے کے خلاف کارروائی کی گئی۔بارہمولہ ضلعے کے سوپور میں عرفان احمد پیر، اعجاز احمد متو، عمر ظہور نجار اور ماجد اشرف خان نامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن

بینک

ایوارڈس 2026 کے زمرے میں سونے کا تمغہ  Finacle Innovation جموں کشمیر بنک نے امیتابھ چیٹرجی نے ممبئی میں CEO حاصل کیا ہے ۔ جموں کشمیر بنک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور کی طرف سے منعقدہ تقریب کے دوران یہ ایوارڈ حاصل کیا ۔ Infosys Finacle

اس بارے میں--------------- نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

عرس

خلیفہ سوم امیر المومنین حضرت عثمان غنیؓ کے عرس کے سلسلے میں آج وادی بھر میں دینی مجالس کا اہتمام ہوا۔ عرس کی سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاںہرنمازکے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے۔

وادی کے دیگر علاقوں سے بھی عرس کے سلسلے میں تقریبات منعقد ہونے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔

عید غدیر

عید غدیر بھی آج ہی نہایت ہی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں وادی کی کئی مساجد، خانقاہوں اور امام بارگاہوں میں دینی اجتماعات منعقد ہوئے جس دوران علما ءنے امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی سیرت اور شجاعت بیان کی۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، نائب صدر عمر عبداللہ، پارٹی لیڈروں اورپی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے عید غدیر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوننے عوام کی خوشحالی اور ترقی کےلئے دعا کی ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ باہمی اتحاد اور اجتماعی شعور کے ذریعے بڑے سے بڑے چلینجوں کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

عید گاہ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے عوام سے متحد ہو کر رہنے کی اپیل کی۔

اس دوران پارٹی سے وابستہ ممبران پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان اور سجاد احمد کچلو کے سُرنکوٹ چودھری محمد اکرم نے آج سرینگر میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ کے ساتھ ملاقات MLAعلاوہ کر کے مختلف امور پر ان کے ساتھ تبادلہ  خیال کیا۔

PDF

کے چیر مین حکیم محمد یاسین نے نیشنل کانفرنس کے ریاستی درجے کے ایجنڈا پر سوال PDF اٹھایا ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے پارٹی کی طرف سے دلی میں کئے جانے والے مجوزہ احتجاج کی وضاحت کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

دورہIGP

پولیس کے انسپکٹر جنرل کشمیر وی کے بردی نے آج گاندربل ضلعے میں بالتل کا دورہ کر کے شری امر ناتھ جی یاترا کےلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے یاتریوں کےلئے حفاظتی انتظامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت دی۔ وسطی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس راجیو پانڈے اور دیگر کئی اعلیٰ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

پابندی

روٹ کی طرف حاجی بل Mulbangil-Batoo بارہمولہ پولیس نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے بابا ریشی کے راستے سے سیاحوں کی چہل قدمی پر روک لگا دی ہے۔

پولیس نے کہا ہے کہ چونکہ یہ علاقہ ایک سیاحتی علاقے کے طو رپر نوٹیفائیڈ نہیں ہے ، لہذا یہ پابندی سیاحوں کی سلامتی کیلئے لگائی جا رہی ہے۔

دن

آج جارحیت کے شکار معصوم بچوں کے تحفظ کا بین الاقوامی دن ہے۔ اس دن کا مقصد دنیا بھر میں جنگ، تنازعات اور تشدد کا شکار ہونے والے معصوم بچوں کی حالت زار کو اُجاگر کرنا اور ان کے تحفظ کےلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہے

سال12

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں اور اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی NDA مرکز میں کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کی گئیں جن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں ایک عام شہری کے تاثرات۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر میں کل وکست بھارت سے کے موضوع پر شروع ہوا تین روزہ قومی سمینار جا ری ہے ۔ TIC-2026 متعلق

سمینار کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے وکست بھارت 2047 کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے زرعی منظر نامے میں مثبت تبدیلی لانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

ذخیرہ اندوزی

گاندربل میں پولیس نے رسوئی گیس اور کمرشل گیس سلنڈروں کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی پاداش میں نونر گاندربل کے جا وید احمد صوفی نامی ایک شخص کے خلاف کارروائی کی ہے۔

مذکورہ شخص کے قبضے سے کئی کمپنیونکے گیس سلنڈر بر آمد کئے گئے ۔ اس سلسلے میں مزید تحقیقات کا آغاز کیا گیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت23 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر39منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔